بسم اللہ الرحمن الرحیم والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ و علی ازواجہ و الہ واصحابہ اجمعین الی یوم الدین

جادوٹونہ، وَبائی اَمراض اور قُدرتی حادثات سے بچاؤ کیلئے **صحیح سُنّت وظائف**

مُرشِدِ کامِل، اِمامُ الانبیاء ﷺ کی صحیح اَحادیث کے نمبرز علمائے حرمین اور بیروت کی جاری شدہ اِنٹرنیشنل نمبرنگ کے مطابق ہیں

---

1 اٰیَۃُ الْکُرْسِی (البقرۃ : 255) پڑھنے والا شیطان اور جنات سے محفوظ ہوجاتا ہے اور **اللہ** اُسکی حفاظت کیلئے ایک محافظ مقرر فرمادیتا ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ.......................وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

[بُخاری : 2311 ، السُنن الکُبریٰ لِلنسائی : 8017 ، المُستدرک لِلحاکم : 2064] **1 مرتبہ صبح اور شام**

2 مُعَوِّذَات کی تلاوت ہر شے سے کافی ہوجاتی ہے۔ یہ **3** سورتیں شیطان، جنات اور جادو کے خلاف **اللہ** کی پناہ میں آنے کا ذریعہ ہیں:

(i) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○... (ii) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○... (iii) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○...

[جامع ترمذی :3575 ، سُنن ابی داؤد : 5082 ، سُنن نسائی : 5429] **تینوں 3 مرتبہ صبح اور شام**

3 اِن کلمات کا ثواب **4**-غلام آزاد کرنے کے برابر ہے۔ اور **اللہ** تمام دِن اور رات میں ہر خطرناک چیز اور شیطان سے بچاؤ فرمادیتا ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ترجمہ : **اللہ** کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اُسکا کوئی شریک نہیں، اُسی کیلئے تمام بادشاہت ہے اور اُسی کیلئے ہی تمام تعریف ہے، اور وہ ہر شے پر مکمل قدرت رکھتا ہے۔ [مُسلم : 6844 ، سُنن ابی داؤد : 5077 ، سُنن ابن ماجہ : 3867] **10 مرتبہ صبح اور شام**

4 یہ دُعا پڑھنے والے کو نہ تو کوئی شے نقصان پہنچا سکتی ہے اور نہ ہی کوئی ناگہانی آفت اور مصیبت ہی اُسے پہنچے گی۔ (**اِنشاء اللہ** ﷻ):

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

ترجمہ : **اللہ** کے نام کے ساتھ جسکے نام (کی برکت) سے زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہی سُننے والا جاننے والا ہے۔

[جامع ترمذی : 3388 ، سُنن ابی داؤد : 5088 ، سُنن ابن ماجہ : 3869] **3 مرتبہ صبح اور شام**

5 یہ دُعا پڑھنے والے کو زہریلے جانور (مثلاً بچھو، سانپ، کیڑوں اور مچھر وغیرہ) کا ڈنگ نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ (**اِنشاء اللہ** ﷻ):

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ [مُسلم :6880 ، مُسندِ احمد : 7885 ، 290/2]

ترجمہ : میں **اللہ** کے کلماتِ کاملہ کے ساتھ (**اللہ** ﷻ کی) پناہ پکڑتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی۔ **3 مرتبہ صبح اور شام**

نوٹ **اللہ** ﷻ کی ”حمد“ اور اُسکے محبوب ﷺ پر ”درود شریف“ پڑھنا دُعاؤں کی قبولیت کا ذریعہ ہیں: [جامع ترمذی : 593]